خط

۱۳، مارچ ۲۰۰۸ء

لاہور ہوٹل، کمرہ نمبر۱۰۳

لاہور

پیاری ہاناکو

السلام علیکم۔

کیا حال ہے؟ کیسی ہو؟

میں اب لاہور میں ہوں اور خیریت سے ہوں۔

دو دن پہلے یہاں پہنچی۔ ابھی ہوٹل میں ہوں، لیکن ایک دو دن میں یونیورسٹی کے ہوسٹل میں چلی جاؤں گی اور وہاں رہوں گی۔ میں نے داخلے کے لیے درخواست دی ہے اور یقین ہے کہ جلد مجھے داخلہ مل جائے گا تو میں یونیورسٹی میں پڑھنا شروع کروں گی۔

یہاں سب لوگ بہت اچھے ہیں اور میری بہت مدد کرتے ہیں۔ مجھے کوئی تکلیف اور پریشانی نہیں۔ موسم بہت اچھا ہے۔ دن میں کچھ گرمی ہوتی ہے لیکن شام خوشگوار ہو جاتی ہے۔ ہوٹل کے نزدیک بہت رسٹورانٹ ہیں، اور سستے ہیں۔ میں پاکستانی کھانے مزے سے کھاتی ہوں۔

اوساکا میں تو ابھی سردی ہوگی؟ تم اور سب دوست بہت یاد آتے ہیں۔ میں پھر خط لکھوں گی۔

خدا حافظ۔

کیوکو